**agriauto**
**INDUSTRIES LIMITED**
An IATF Approved,
ISO/TS 16949 Certified Company

AIL/PSX/21-22/Q4/FIN

September 21, 2022

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Road
Karachi

**Subject: Notice of Annual General Meeting (AGM) for the year ended June 30, 2022**

Dear Sir,

Please find attached herewith a copy of the Notice, prior to publication, of AGM of Agriauto Industries limited to be held on Thursday, October 20, 2022 at 11:00 a.m. at ICAP Auditorium.

This notice will be published in the newspaper, both Urdu and English language on Thursday, September 22, 2022.

You may please inform the TRE Certificates Holders of the Exchange accordingly.

Yours Sincerely,

Agriauto Industries Limited
Karachi

For Agriauto Industries Limited

Company Secretary

**Head Office :**
5th. Floor, House of Habib, 3 JCHS, Block-7/8,
Main Shara-e-Faisal, Karachi.
Tel : 92-21-34541540, 34541543
PABX : 34312030, Fax : 92-21-34549284

**Factory :**
Hub Chowki, Distt. Lasbella, Balochistan.
Tel : (92-0853) 364326, 363559
Fax : (92-0853) 363631
E-mail : info@agriauto.com.pk

# ایگری آٹو انڈسٹریز لمیٹڈ

## اطلاع برائے 41 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کے اراکین کا 41 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات 20 اکتوبر 2022 کو دوپہر 11:00 بجے ICAP آڈیٹوریم کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1۔ 30 جون 2022 کو ختم شدہ سال کے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر چیئرمین، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوص اور منظوری۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (7) 223 کے تحت کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیئے گئے ہیں جنہیں مندرجہ ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://www.agriauto.com.pk/pdf/jun-22/ail-annual-report-2022.pdf

2۔ سال 23-2022 کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔ سبکدوش ہونے والے موجودہ آڈیٹرز میسرز EY فورڈ روڈز (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے اہلیت کے باعث اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے۔

**خصوصی امور**

3۔ ذیل میں دی گئی قراردادیں جو کہ عمومی قرارداد ہیں جس کے ذریعے فاضل پس انداز حصص سے سرمایہ کاری کی جاسکے اور اسے بطور بونس حصص کے دیا جائے جیسا کہ ڈائریکٹرز نے تجویز کیا ہے پر غور و خوض اور موزوں سمجھے جانے پر ترمیم/ بلا ترمیم منظوری کے لئے قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے فاضل پس انداز شدہ کل 36,000,000 روپوں سے سرمایہ کاری کی جائے اور ہر پانچ روپے والے 7,200,000 عمومی حصص کے اجراء پر اطلاق کیا جائے بطور 25% مکمل ادائیگی شدہ بونس حصص کے۔ جیسے کہ 13 اکتوبر 2022 کو بزنس کے اختتام پر کمپنی کے ہر اس ممبر جس کا نام ممبر رجسٹر میں شامل ہے، کے پاس موجود 4 عمومی حصص میں سے ایک (1) عمومی حصہ۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ مستقبل کے استحقاق کیلئے بونس حصص کمپنی کے موجودہ حصص کے مطابق ہر طرح سے پری پسو (pari passu) کے درجہ پر ہونے چاہئیں۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ ممبرز کا جزوی استحقاق حصص داران پر ملنے والے بونس حصہ کی وجہ سے ان کے جزوی استحقاق اور تمام حصص کو ملایا جائے اور حاصل ہونے والی آمدنی کو 20 اکتوبر 2022 کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں حصص یافتگان کی منظوری کے بعد سیلاب ریلیف کے کسی خیراتی ادارے میں جمع کرایا جائے گا۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ چیف ایگزیکٹو اور کمپنی کے سیکریٹری مشترکہ/ اور یا/ انفرادی طور پر کسی قرارداد پر اثر انداز ہونے، تمام پر عمل کرنے یا عمل کروانے، فعل اور چیزیں کرنے کے مجاز ہوں گے جو کہ بونس حصص کے اجراء، تخصیص اور تقسیم اور حصص کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدنی کا مذکورہ بالا اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے لئے ضروری ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **حسب الحکم بورڈ طارق اقبال باوانی** | **کراچی** | |
| **کمپنی سیکریٹری** | **مورخہ: 26 اگست 2022** | |

**گزارشات:**

1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 14 اکتوبر 2022 سے 20 اکتوبر 2022 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی اور حتمی منافع منقسمہ ان ممبران کو ادا کیا جائے گا جن کے نام 13 اکتوبر 2022 کو ممبران کے رجسٹر میں موجود ہونگے۔ ممبران (سی ڈی سی کے علاوہ) سے درخواست کی جاتی ہے وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے رجسٹرار کو مطلع کر دیں اور اگر زکوٰۃ کی کٹوتی نہیں چاہتے تو کمپنی کے رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، منسلکہ ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو عدم کٹوتی کا CZ-50 زکوٰۃ فارم بھیج دیں جن کا فون نمبر 5-34380101-21-92+، 3-34384621-21-92+، (Ext-103) فیکس نمبر 34380106-21-92+ ہے۔

وہ تمام ممبران جن کے حصص سی ڈی سی میں ہیں وہ اپنے پتے اور زکوٰۃ کی نوعیت سے اپنے شراکت دار کو مطلع کر دیں۔

2۔ AGM میں شرکت بذریعہ طبعی حاضری یا بذریعہ وڈیو کانفرنس

COIVD-19 کے پھیلاؤ کے مسلسل خطروں اور حصص یافتگان کی بہبود کے تحفظ کے لئے سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے وقتاً فوقتاً جاری کردی سرکلرز میں لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ اجلاس عام کو منعقد کرنے کے ساتھ ساتھ بصری شرکت کی بھی سہولت اپنے حصص یافتگان کو فراہم کریں۔ اسی لئے حصص یافتگان کی سہولت کے لئے کمپنی نے اجلاس میں حصص یافتگان کی طبعی شرکت کے ساتھ ساتھ بذریعہ وڈیو لنک سہولت کا بھی اہتمام کیا ہے۔

| حصص یافتہ کا نام | CNIC نمبر | فولیو/سی ڈی سی نمبر | سیل نمبر | رجسٹرڈ ای میل آئی ڈی |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

وہ حصص یافتگان جو کہ سالانہ اجلاس عام میں بصری طور سے شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنے مندرجہ ذیل کوائف کمپنی کی ای میل agm@agriauto.com.pk پر فراہم کر دیں۔ وڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات ان حصص یافتگان/ پراکسیوں کو فراہم کی جائیں گی جن کے تمام درکار کوائف بذریعہ ای میل سالانہ اجلاس عام سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہوگئی ہوں۔

20 اکتوبر 2022 کو ٹھیک صبح 10:00 بجے لاگ ان کی سہولت کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس کی کارروائی میں شرکت کرسکیں جو کہ ٹھیک 11:00 بجے شروع ہوگی۔

وہ ممبران جو کہ اجلاس میں شریک ہونے کے خواہشمند ہوں ان کیلئے لازمی ہے کہ وہ مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر اپنے ویکسینیشن سرٹیفکیٹ بھیج دیں۔ حصص یافتگان اپنی آراء اور سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے سے متعلق استفسارات بھی 18 اکتوبر 2022 تک secretary@agriauto.com.pk پر ای میل کر سکتے ہیں۔

وہ ممبران جن کے نام 13 اکتوبر 2022 کو ممبران کے رجسٹر میں موجود ہونگے وہ سالانہ اجلاس عام میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ وہ ممبر جو کہ اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو وہ اپنی طرف سے حاضر ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔

سالانہ اجلاس عام میں پراکسی مقرر کرنے کے لئے نوٹس کے ساتھ ایک فارم منسلک کر دیا گیا ہے۔ پراکسی فارم کی مزید نقول کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے عمومی دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.agriauto.com.pk سے بھی اسے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

پراکسی فارم اور مختیار نامہ یا دیگر مجاز نامہ (اگر کوئی ہو) تو دستخط شدہ یا پھر اختیار یا مختیار نامہ کی نوٹری سے درست تصدیق شدہ نقل، لازمی طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل بھجوادی جائیں۔

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ اسمارٹ قومی شناختی کارڈ (CNIC/SNIC) کی نقل فراہم کر دیں اگر پہلے نہ بھیجی ہوں اور اپنے پتے میں کوئی تبدیلی ہوئی ہو تو فوری طور پر شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اپنے رجسٹرڈ پتے سے مطلع کر دیں۔

3۔ سی ڈی سی کے کھاتے داروں کے لئے سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے رہنما اصول

سی ڈی سی کے کھاتے داروں کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دیئے گئے مندرجہ ذیل رہنما اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔

A۔ اجلاس میں حاضری کے لئے

I۔ انفرادی فرد کی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار اور/ یا فرد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، انہیں اجلاس میں حاضری کے وقت اپنا اصل CNIC/SNIC یا اصل پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

II۔ کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختیار نامہ کے ساتھ نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کئے جائیں گے (اگر پہلے پیش نہ کئے ہوں)

B۔ پراکسی کی تقرری کے لئے

I۔ انفرادی فرد کی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار اور/ یا فرد جس کے حصص گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضابطوں کے تحت اپ لوڈ کر دی گئی ہیں وہ ضرورت کے تحت پراکسی فارم پیش کرسکتے ہیں۔

II۔ پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونے چاہئیں جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج کئے جائیں گے۔

III۔ پراکسی اور انتفاعی مالکان کی CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

IV۔ پراکسی اپنی اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں حاضری کے وقت دکھائے گا۔

V۔ کارپوریٹ انٹیٹیز کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختیار نامہ بمع نامزد فرد کے نمونہ دستخط کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ پیش کئے جائیں گے۔ (اگر پہلے پیش نہ کئے ہوں)

VI۔ پراکسی فارم منسلک ہے۔

4۔ سالانہ رپورٹ کی برقی تقسیم

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (6)223 پر عمل کرتے ہوئے کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2022 ان حصص یافتگان کو بھیج دی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں۔ تاہم جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہیں ہیں انہیں سالانہ اجلاس عام کے نوٹسوں کی پرنٹ شدہ نقول بمع QR کوڈ ویب لنک بھیج دیا گیا ہے تاکہ سالانہ رپورٹ 2022 (جس میں مالیاتی گوشوارے ہیں) کو ڈاؤن لوڈ کیا جاسکے۔

تاہم کمپنی کسی بھی حصص یافتہ کی درخواست پر اس کی درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر بالکل مفت اس کے رجسٹرڈ پتے پر کاغذی نقول فراہم کرے گی۔ مزید براں ممبران سے درخواست ہے کہ برائے مہربانی اپنا درست ای میل ایڈریس (بمع درست CNIC) طبعی حصص کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو یا بک انٹری کی شکل میں حصص کی صورت میں اپنے متعلقہ ممبر شراکت دار/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کر دیں۔

SRO.787(I)/2014 مورخہ 08 ستمبر 2014 کے تحت SECP نے کمپنی کو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور نوٹس ممبران کو بذریعہ الیکٹرانک میل سسٹم (e-mail) فراہم کرنے کی سہولت دینے کی ہدایت کی ہے۔ ہم بخوشی اپنے ان ممبران کو اس سہولت کی پیشکش کرتے ہیں جو کہ مستقبل میں کمپنی کے مالیاتی گوشوارے اور نوٹس بذریعہ ای۔میل موصول کرنے کے خواہشمند ہوں۔ اس سلسلے میں ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی /www.agriauto.com.pk/investor-info پر دستیاب معیاری درخواست فارم پر اپنی رضامندی بذریعہ ای میل بھیج دیں۔ برائے مہربانی یقینی بنائیں کہ آپ کی ای میل میں ایسی ای میل موصول کرنے کے لئے کافی جملہ حقوق اور جگہ دستیاب ہوں۔ مزید براں یہ ممبران کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ای میل ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو مطلع کر دیں۔

5۔ CNIC/SNIC/NTN کی فراہمی (لازمی)

SECP کی ہدایات کے مطابق ان حصص یافتگان کا منافع منقسمہ جن کے CNIC/SNIC یا کارپوریٹ انٹیٹیز کی صورت میں NTN شیئر رجسٹرار کے پاس دستیاب نہ ہوا تو منافع منقسمہ روک لیا جائے گا۔ لہٰذا حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ اپنے درست CNIC/SNIC کی ایک نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، منسلکہ ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو فراہم کر دیں (بشرطیکہ پہلے فراہم نہ کی ہوں)۔

6۔ ڈیویڈنڈ مینڈیٹ (لازمی)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کی شقوں اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) کے ضابطہ 4 کے مطابق ایک لسٹڈ کمپنی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اہل حصص یافتگان کو طبعی ڈیویڈنڈ وارنٹ جاری کرنے کے بجائے منافع منقسمہ ان کے صراحت شدہ اکاؤنٹ میں بلاواسطہ صرف الیکٹرونک طریقہ کار کے مطابق منتقل کرے۔

مذکورہ بالا قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے بینک اکاؤنٹ میں بلاواسطہ منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے آپ سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.agriauto.com.pk پر موجود فارم میں درکار تفصیلات درج کریں بصورت دیگر کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے ضابطہ 6 کے تحت کمپنی منافع منقسمہ کی ادائیگی (اگر کوئی ہو) روکنے کی پابند ہوگی۔ اگر حصص الیکٹرونک شکل میں ہوں تو حصص یافتگان یہ معلومات بلاواسطہ اپنے بروکر/ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی لمیٹڈ کو فراہم کر دیں یا اگر حصص طبعی شکل میں ہوں تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

7۔ طبعی حصص کو CDC اکاؤنٹ میں جمع کرانا

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے طبعی حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرلے۔ لہٰذا حصص یافتگان جن کے پاس طبعی حصص ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنے حصص بک انٹری میں تبدیل کروالیں۔

8۔ منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگیوں سے کٹوتی کے نرخ درج ذیل ہونگے:

1۔ وہ افراد جن کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں موجود ہیں 15 فیصد

2۔ وہ افراد جن کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں موجود نہیں ہیں 30 فیصد

کمپنی سے نقد منافع منقسمہ سے 30 فیصد کے بجائے 15 فیصد کٹوتی کے لئے حصص یافتگان جن کے نام FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) کی موجود نہیں ہونگے، اس حقیقت کے باوجود کہ وہ فائلرز ہیں، ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے ناموں کو کتابوں کی بندش کے پہلے دن سے قبل ATL میں اندراج کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر ان کے نقد منافع منقسمہ سے 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کٹوتی کر لی جائے گی۔

منافع منقسمہ کی آمدن سے ودہولڈنگ ٹیکس استثناء کی اجازت صرف اس وقت ہوگی جب درست ٹیکس استثنائی سرٹیفکیٹ یا کسی مجاز قانونی عدالت کا حکم امتناعی کتابوں کی بندش کے پہلے دن تک فراہم کر دیا جائے۔

مزید براں، فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (FBR) سے موصولہ وضاحت کے مطابق مشترکہ کھاتوں کی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس کٹوتی کے لئے بنیادی حصص یافتہ کے ساتھ ساتھ مشترکہ حصص یافتگان کی فائلر/ نان فائلر کی حیثیت کا علیحدہ علیحدہ تعین کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں جن حصص یافتگان کے حصص مشترکہ ہیں ان سے درخواست ہے کہ بنیادی حصص یافتگان اور مشترکہ حصص یافتگان کے حصص کے سلسلے میں ان کی حصص داری کا تناسب تحریری طور پر درج ذیل انداز میں شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں (اگر پہلے فراہم نہ کئے ہوں):

| کمپنی کا نام | فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | بنیادی حصص یافتہ | | مشترکہ حصص یافتہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام و کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ | تناسب حصص داری (حصص کی تعداد) | نام و کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ | تناسب حصص داری (حصص کی تعداد) |
| | | | | | | |

درکار معلومات نوٹس ہذا کے 10 دن کے اندر شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں بصورت دیگر بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتہ (حصص یافتگان) کے حصص یکساں تصور کئے جائیں گے۔

ادارتی حصص یافتگان جن کے CDC کھاتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ اپنا حالیہ نیشنل ٹیکس نمبر اپنے متعلقہ شرکاء کو فراہم کر دیں، جبکہ ادارتی طبعی حصص یافتگان اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقول کمپنی یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کر دیں۔ حصص یافتگان اپنا NTN یا NTN سرٹیفکیٹ جو بھی ہو، بھیجتے وقت اس پر کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور لکھیں۔ NTN کے بغیر کمپنی ATL پر فائلر کی حیثیت چیک نہیں کر سکے گی اور لہٰذا ان صورتوں میں بلند نرخ 30 فیصد لاگو ہوگا۔

9۔ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (7)223 کی شقوں کے تحت کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے برائے سال مختتمہ 30 جون 2022 کمپنی کی ویب سائٹ (www.agriauto.com.pk) پر دستیاب ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بونس حصص کے اجراء کے لئے سرمائے کی ذخائر میں منتقلی پر بیان**

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس مورخہ 26 اگست 2022 میں 5 روپے کے حساب سے 7,200,000 عمومی حصص کے اجراء کے لئے کمپنی کے ذخائر میں 36,000,000 روپے سرمایہ منتقل کرنے کی سفارش کی تھی۔ ڈائریکٹران کی رائے ہے کہ کمپنی کی مالی پوزیشن اور اس کے ذخائر سرمائے کی منتقلی کا جواز فراہم کرتے ہیں۔

کمپنی کے ڈائریکٹران کا اس خصوصی امور سے کوئی بالواسطہ یا بلاواسطہ مفاد وابستہ نہیں ہے سوائے ان کے اور ان کے رشتہ داروں کے بونس حصص کے استحقاق کے جو کہ کمپنی کے حصص یافتگان ہیں۔

# Agriauto Industries Limited

## NOTICE OF THE ANNUAL GENERAL MEETING

**NOTICE** is hereby given that the 41st Annual General Meeting of the Members of the Company will be held on Thursday, October 20, 2022 at 11:00 AM at ICAP Auditorium, Karachi to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To receive, consider and adopt the Audited Accounts of the Company for the year ended June 30, 2022, together with the Chairman's Review Report, Directors' and Auditors' Report thereon. In accordance with Section 223(7) of the Companies Act, 2017, the financial statements of the Company have been uploaded on the Company's website which can be downloaded from the following link & QR enabled code:https://www.agriauto.com.pk/pdf/jun-22/ail-annual-report-2022.pdf
2. To appoint Auditors for the year 2022-23 and to fix their remuneration. The present auditors – M/s EY Ford Rhodes, Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment.

**SPECIAL BUSINESS**

3. To consider and, if thought fit, to pass with or without modification(s), the resolution appearing below as ordinary resolutions for the capitalization of reserves to issue bonus shares as recommended by the Directors."RESOLVED THAT a sum of Rs. 36,000,000 be capitalised out of the reserves of the Company and applied towards issue of 7,200,000 ordinary shares of Rs. 5 each as 25% fully paid bonus shares i.e. in the proportion of one (01) ordinary share for every four (04) ordinary shares held by the members of the Company whose names appear in the Members' Register as at the close of the business on October 13, 2022".

**"FURTHER RESOLVED THAT** the bonus shares shall rank pari passu in all respects with the existing shares of the Company as regards to future entitlements and in all other respects".

**"FURTHER RESOLVED THAT** member fractional entitlement, as a result of their entitlement to a fraction of a bonus share due to their respective shareholdings shall be deposited into the account of the charitable institution for the Flood Relief after the approval of the Shareholders in the Annual General Meeting on October 20, 2022".

**"FURTHER RESOLVED THAT** the Chief Executive and Company Secretary of the Company, be and are hereby jointly and / or severally authorised to give effect to above resolutions and to do and cause to be done all acts, deeds and things that may be necessary or required for issue, allotment and distribution of the said bonus shares and the deposit of sale proceeds of the fractional shares into aforementioned account".

| | |
|---|---|
| **Karachi** | **By Order of the Board** |
| **Dated: August 26, 2022** | **Tariq Iqbal Bawani Company Secretary** |

**Note:**

**1. Closure of Share Transfer Books**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from October 14, 2022 to October 20, 2022 (both days inclusive) and the bonus shares will be issued to the Members whose names will appear in the Register of Members on October 13, 2022. Members (Non-CDC) are requested to promptly notify the Company's Registrar of any change in their addresses and submit, if applicable to them, the Non–deduction of Zakat Form CZ-50 with the Registrar of the Company M/s. FAMCO Associates (Private) Ltd., 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery, Block-6, PECHS, Sharae Faisal Karachi. Tel: +92-21-34380101-5, +92-21-34384621-3 (Ext-103) Fax: +92-21-34380106.All the Members holding the shares through the CDC are requested to update their addresses and Zakat statuses with their Participants.

**2. Participation in the AGM via physical presence or through video conferencing**

In light of the continuing threats posed due to COVID-19 pandemic and to protect wellbeing of the shareholders, the Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") has, vide its Circulars issued from time to time, directed the listed companies to hold their general meetings virtually in addition to the requirements of holding physical meetings. In order to facilitate the shareholders, the Company in addition to convening a physical meeting has also arranged attendance of shareholder virtually via video link facility.

The shareholders interested in attending the AGM virtually are requested to get themselves registered by sending their particulars at the designated email address agm@agriauto.com.pk for their appointment and proxy's verification by close of business October 18, 2022. Video conference link details and login credentials will be shared with ONLY those Shareholders, whose particulars are received on or before October 18, 2022, from their registered email addresses.

| Shareholder Name | Folio/ CDC No | CNIC Number | Cell Number | Registered Email ID |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

The login facility will be opened at 10:00 a.m. on October 20, 2022 enabling the participants to join the proceedings which will start at 11:00 a.m. sharp.

Members wishing to attend the meeting in person must also provide a copy of their vaccination certificates by using the above given email address. Shareholders can also provide their comments and questions for the agenda items of the AGM on secretary@agriauto.com.pk by October 18, 2022.

Members whose names appearing in the Register of Members as of October 13, 2022, are entitled to attend and vote at the Meeting. A Member entitled to attend and vote at the Meeting is entitled to appoint a proxy to attend, speak and vote for him/her. A proxy must be a Member of the Company.

An instrument of proxy applicable for the Meeting is being provided with the Notice sent to Members. Further copies of the instrument of proxy may be obtained from the Registered Office of the Company during normal office hours. Proxy form may also be downloaded from the Company's website: www.agriauto.com.pk/investor-info/.

An instrument of proxy and the power of attorney or other authority (if any) under which it is signed, or a notarially certified copy of such power or authority, must, to be valid, be deposited at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of the Meeting.

Members are requested to submit a copy of their Computerized National Identity Card/Smart National Identity Card (CNIC/SNIC), if not already provided and notify immediately changes, if any, in their registered address to our Share Registrar, FAMCO Associates (Pvt) Ltd.

**3. Guidelines for Central Depository Company of Pakistan Limited ('CDC') Account Holders**

CDC Account Holders will further have to follow the under mentioned guidelines as laid down in Circular 1 dated January 26, 2000, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

**A. For Attending the Meeting**

I. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC/SNIC or original passport at the time of attending the Meeting.

II. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

**B. For Appointing Proxies**

I. In case of individuals, the account holder or sub-account holder is and / or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the requirement.

II. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

III. Attested copies of the CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

IV. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

V. In case of corporate entities, Board of directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be submitted (unless provided earlier) along with the proxy form to Company.

VI. Form of proxy is enclosed.

**4. Electronic Transmission of Annual Report**

In compliance with section 223(6) of the Companies Act, 2017, the Company has electronically transmitted the Annual Report 2022 through email to shareholders whose email addresses are available with the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Associates (Private) Limited. However, in cases, where email addresses are not available with the Company's Share Registrar, printed copies of the notices of AGM along-with the QR enabled code/weblink to download the Annual Report 2022 (containing the financial statements), have been dispatched.

Notwithstanding the above, the Company will provide hard copies of the Annual Report 2022, to any Member on their request, at their registered address, free of cost, within one (1) week of receiving such request. Further, Members are requested to kindly provide their valid email address (along with a copy of valid CNIC) to the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Associates (Private) Limited if the Member holds shares in physical form or, to the Member's respective Participant/Investor Account Services, if shares are held in book entry form.

Pursuant to Notification vide SRO.787(I)/2014 of September 08, 2014, SECP has directed to facilitate the members of the company receiving Annual Financial Statements and Notices through electronic mail system (e-mail). We are pleased to offer this facility to our members who desire to receive Annual Financial Statements and Notices of the Company through e-mail in future. In this respect, members are hereby requested to convey their consent via e-mail on a standard request form which is available at the Company website i.e. www.agriauto.com.pk/investor-info/. Please ensure that your e-mail has sufficient rights and space available to receive such e-mail. Further, it is responsibility of the member to timely update the Shares Registrar of any change in the registered e-mail address.

**5. Submission of CNIC/SNIC/NTN (Mandatory)**

Pursuant to the directives of the SECP, the dividend of shareholders whose CNIC/SNIC or NTN (in case of corporate entities), are not available with the Share Registrar could be withheld. Shareholders are therefore, requested to submit a copy of their valid CNIC/SNIC (if not already provided) to the Company's Share Registrar, FAMCO Associates (Pvt.) Ltd. 8-F, Block-6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi.

**6. Dividend Mandate (Mandatory)**

In accordance with the provisions of Section 242 of the Companies Act 2017, and Regulation 4 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations 2017, a listed company is required to pay cash dividend to the shareholders ONLY through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders instead of issuing physical dividend warrants.

In compliance with the above law, in order to receive dividends directly in your bank account, you are requested to provide the information mentioned in the Form placed at the Company's website http://www.agriauto.com.pk otherwise the Company would be constrained to withhold payment dividend (if any) in terms of Regulation 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations 2017. Shareholders shall submit the information directly to their brokers / Central Depository Company Ltd. If the shares are held in the electronic form or to the Company's Share Registrar if the shares are held in physical form.

**7. Deposit of Physical Shares in CDC account**

As per section 72 of the Companies Act, 2017 every listed company is required to replace its physical shares with book-entry form. Therefore, the shareholders having physical shares requested to convert the shares into book entry.

**8. Withholding Tax on Dividend**

The rates of deduction of income tax from dividend payments under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 shall be as follows:
1. Persons appearing in Active Tax Payers List (ATL) 15%
2. Persons not appearing in Active Tax Payers List (ATL) 30%

To enable the Company to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 30%, shareholders whose names are not entered into the Active Taxpayers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered in ATL before the first day of book closure, otherwise tax on their cash dividend will be deducted @ 30% instead of 15%.

Withholding Tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate or stay order from a competent court of law is made available to FAMCO Associates (Private) Limited, by the first day of Book Closure.

Further, according to clarification received from Federal Board of Revenue (FBR), withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts.

In this regard all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding Proportions of Principal shareholders and Joint-holder(s) in respect of shares held by them (only if not already provided) to our Share Registrar, in writing as follows:

| Company Name | Folio / CDS Account # | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of | Name and CNIC # | Shareholding Proportion (No. of |
| | | | | | | |

The required information must reach our Share Registrar within 10 days of this notice; otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint-holder(s).
Corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send copy of their NTN certificate to the Company or FAMCO Associates (Private) Limited. Shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote Company name and their respective folio numbers. Without the NTN company would not be in a position to check filer status on the ATL and hence higher tax of 30% may be applied in such cases.

**9. Availability of Annual Audited Financial Statements on the Company's website**

In accordance with the provisions of Section 223(7) of the Companies Act 2017, the audited financial statements of the Company for the year ended June 30, 2022, are available on the Company's website (www.agriauto.com.pk).

**STATEMENT UNDER SECTION 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**
**ISSUE OF BONUS SHARES BY CAPITALISATION OF RESERVES**

The Board of Directors in their meeting held on August 26, 2022, have recommended capitalisation of a sum of Rs. 36,000,000 out of reserves of the Company for issue of 7,200,000 ordinary shares of Rs. 5 each, as 25% fully paid bonus shares. The Directors are of the view that the Company's financial position and its reserves justify the capitalisation of reserves.

The Directors of the Company have not, direct or indirect interest in this special business, except to the extent of their entitlements of bonus shares and their relatives who are also shareholders of the Company.